ISSN 2977-3555
روزنامہ
صحافت
برمنگھم
باخبر، باأثر حقیقتوں کا پیام بر
www.sahafat.in/uk
Birmingham Edition U.K.



غزہ میں سیلاب کے باعث وباؤں کے پھیلاؤ کا سنگین خدشہ ہے: عالمی ادارہ برائے مہاجرت ص:02

Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun

Volume No.03, Issue No.157 , Sunday 14 December, 2025, 8 Pages

جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (۱۵۷)، بروز اتوار، ۱۴ر دسمبر، ۲۰۲۵ء، ۲۲ر جمادی الآخر، ۱۴۴۷ھ، ۸ صفحات

## ٹرمپ کی جانب سے ہندوستان پر عائد ٹیرف ختم کرنے کیلئے امریکی کانگریس میں قرارداد پیش

واشنگٹن، (ایجنسی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ہندوستان پر عائد ٹیرف کو ختم کرنے کے لیے امریکی کانگریس میں ایک قرارداد پیش کردی گئی ہے۔ یہ قرارداد کانگریس کے ارکان راجا کرشنا مورتی، ڈیبورا روز اور مارک وی سی کی جانب سے پیش کی گئی ہے۔ قرارداد کا مقصد ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ہندوستان پر عائد 50 فیصد ٹیرف کو ختم کرنا اور تجارت پر امریکی کانگریس کے آئینی اختیار کو بحال کرنا بتایا گیا ہے۔ راجا کرشنا مورتی کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ کی ہندوستان کے حوالے سے غیر ذمہ دارانہ ٹیرف کی حکمت عملی ایک اہم شراکت داری کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکی مفادات کو آگے بڑھانے کے بجائے، یہ ٹیرف سپلائی چین میں خلل ڈالتے ہیں، امریکی ورکروں کو نقصان پہنچاتے ہیں، اور صارفین کے لیے لاگت میں اضافہ کرتے ہیں۔ دوسری جانب مارک وی سی کا کہنا ہے ہندوستان ایک اہم اقتصادی اور اسٹریٹجک پارٹنر ہے اور یہ غیر قانونی ٹیرف عام لوگوں پر ایک طرح کا ٹیکس ہیں۔ یاد رہے کہ صدر ٹرمپ نے رواں سال ہندوستان سمیت دنیا کے کئی ممالک پر محصولات عائد کیے ہیں۔

# انڈونیشیا میں تباہ کن سیلاب اور لینڈ سلائیڈ کا قہر

## تین صوبوں میں 1000 سے زائد افراد ہلاک، سیکڑوں لاپتہ



جکارتہ: (ایجنسی) دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے مسلم ملک انڈونیشیا کے متعدد علاقوں میں اچانک آنے والے تباہ کن سیلاب اور زمین کھسکنے (لینڈ سلائیڈ) نے خوفناک تباہی مچادی ہے۔ سماترا جزیرہ کے تین صوبوں میں اب تک 1000 سے زائد افراد ہلاک ہوچکے ہیں جبکہ 218 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ ایجنسی (بی این پی بی) نے یہ معلومات ہفتہ کو جاری کیں۔ حکام کے مطابق، اس قدرتی آفت نے لوگوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا ہے اور ہزاروں افراد اپنے گھروں اور خاندانوں سے محروم ہوچکے ہیں۔ متاثرہ علاقے میں ہنگامی صورتحال برقرار ہے اور ریسکیو ٹیمیں دن رات کام کررہی ہیں۔

**تباہی کا تخمینہ:** بی این پی بی کے مطابق، اس آفت سے ہزاروں عمارتیں متاثر ہوئی ہیں۔ تقریباً 1200 عوامی سہولیات تباہ ہوچکی ہیں، جن میں 219 صحت کے مراکز، 581 اسکول و کالج، 434 مساجد و عبادت گاہیں، 290 دفتر کی عمارتیں اور 145 پل شامل ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نہ صرف انسانی جانیں ضائع ہوئیں بلکہ روزمرہ زندگی بھی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ دیہات اور شہروں میں سڑکیں، پل اور گھروں کا مکمل نقصان ہوا ہے۔

**اعداد و شمار کی جانچ جاری:** بی این پی بی کے ڈیٹا اور انفارمیشن سینٹر کے سربراہ عبدالمہری نے جمعہ کو پریس کانفرنس میں بتایا کہ ہلاک شدگان کے نام اور پتے کی تصدیق جاری ہے۔ سب ڈسٹرکٹ سطح پر ڈیٹا کا سچائی سے مطابقت جانچی جا رہی ہے اور اسے سول ریکارڈ کے ساتھ کراس چیک کیا جارہا ہے۔ تاہم، لاپتہ افراد کی تلاش میں ابھی بھی چیلنجز درپیش ہیں۔

**صدر کا دورہ:** انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو نے جمعہ کو آچے صوبے کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور متاثرین کو یقین دلایا کہ حکومت ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ صدر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس مشکل وقت میں حوصلہ رکھیں اور بحالی کے عمل میں تعاون کریں۔ انہوں نے کہا، "ہم سب مل کر اس صورتحال کو درست کریں گے۔ حکومت ہر ممکن مدد کرے گی"۔ صدر نے اس ہفتے کے آغاز میں کئی مقامات کا دورہ کیا اور ایک اجلاس کی صدارت کی جس میں فوج، پولیس، نیشنل سرچ اینڈ ریسکیو ایجنسی، بی این پی بی اور مقامی حکومتیں شامل تھیں۔ انہوں نے ہنگامی اور منظم آپریشن کی ہدایت دی جس سے بچاؤ اور ریلیف کے کام میں تیزی آئی۔

**تاریخ کی سب سے بڑی آفت:** یہ آفت انڈونیشیا کی تاریخ کی سب سے بڑی قدرتی آفات میں شمار کی جارہی ہے۔ حکومت اور مقامی افراد مل کر بحالی کے کام میں مصروف ہیں۔ ماہرین کے مطابق طویل مدتی منصوبہ بندی کی ضرورت ہے تاکہ مستقبل میں ایسی قدرتی آفات سے بچا جا سکے۔ بین الاقوامی امداد بھی متوقع ہے، تاہم فی الحال بچاؤ اور ریلیف کے کام جاری ہے۔

## ’حاکمواریما‘ مہم فرانس میں فلسطین کی حمایت کرنے والی آوازوں کو خاموش کرنے کی سوچی سمجھی کوشش




پیرس: فرانس میں یورپی پارلیمنٹ کی رکن اور فرانس اَبیہ پارٹی سے تعلق رکھنے والی ریما حسن کے خلاف ایک منظم مہم میں شدت آگئی ہے، جو "حاکمواریما" کے نعرے کے تحت چلائی جارہی ہے۔ یہ مہم دائیں بازو کی قوتیں اور قابض اسرائیل کی حامی لابیوں سے وابستہ شخصیات چلارہی ہیں۔ ریما حسن کے مطابق اس کا مقصد یورپی سطح پر فلسطین کا دفاع کرنے والی آوازوں کو خاموش کرنا ہے۔ یہ مہم ابتدا میں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے شروع ہوئی، تاہم گذشتہ دنوں کے دوران یہ فرانسیسی شہروں کی دیواروں تک پہنچ گئی، جہاں گرافیٹی تحریریں نظر آئیں۔ اس مہم میں نمایاں کردار ادا کرنے والوں میں فرانسیسی نژاد اسرائیلی وکیل جیل ویلیم گولڈنادل شامل ہے جو قابض اسرائیل کی پالیسیوں کا کھلا حامی سمجھا جاتا ہے۔

اشتعال انگیزی کے الزامات: ریما حسن جو فلسطینی نژاد فرانسیسی ہیں اور غزہ کے خلاف قابض اسرائیل کی نسل کشی کی جنگ کے خلاف بھرپور سرگرم ہیں، انہیں اس سے قبل بھی متعدد شکایات کا سامنا رہا ہے، جن میں ان پر دہشت گردی کی تحسین اور سام دشمنی جیسے الزامات عائد کیے گئے۔

ریما حسن نے القدس العربی کو دیے گئے بیانات میں بتایا کہ سیاست میں آنے کے بعد انہیں تین مرتبہ طلب کیا گیا، جن میں سے ایک تفتیش ساڑھے گیارہ گھنٹے جاری رہی جبکہ ایک اور طلبی پورے دو دن تک پھیلی رہی۔

انہوں نے کہا کہ ہر بار طلبی میں متعدد معاملات اور بڑی تعداد میں شکایات شامل ہوتی ہیں، جن میں بعض ان کے فلسطینی جدوجہد کی قانونی حیثیت کی حمایت کے اظہار سے متعلق تھیں، یا طلبہ تحریکوں کو انتفاضہ قرار دینے پر مبنی تھیں۔ یہاں تک کہ ایک شکایت ان کی جانب سے محمود درویش کی نظم شناختی کارڈ شائع کرنے پر بھی درج کی گئی، جسے مدعیان نے انتہا پسندانہ قرار دیا۔ ریما حسن کا کہنا ہے کہ یہ تمام کارروائیاں انہیں ذہنی طور پر تھکانے اور استنزاف کا نشانہ بنانے کے لیے کی جارہی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پارلیمانی استثنیٰ کے باوجود وہ رضا کارانہ طور پر تفتیش میں پیش ہوتی ہیں تاکہ ان شہریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا جا سکے جو اسی نوعیت کے نشانے پر ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ مہم دائیں بازو کے انتہا پسند عناصر اور قابض اسرائیل کی حامی لابیوں کی منظم کوشش ہے، جس کا مقصد ان کی ساکھ کو نقصان پہنچانا، ان کی جدوجہد کو بدنام کرنا اور یورپی پارلیمنٹ میں فلسطینی عوام اور مجموعی انسانی حقوق کے دفاع سے متعلق ان کے کردار کو مفلوج کرنا ہے۔ ریما حسن کے مطابق یہ جابرانہ فضا صرف فرانس تک محدود نہیں بلکہ دیگر یورپی ممالک تک پھیل چکی ہے۔ خاص طور پر فرانس اور جرمنی میں فلسطین کے حامی طلبہ، ٹریڈ یونین کارکنوں، سیاسی جماعتوں اور عام شہریوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن دیکھنے میں آرہا ہے۔

انہوں نے انکشاف کیا کہ اب ایک شہری پلیٹ فارم پر کام شروع کیا جارہا ہے جس کا مقصد ان تمام کیسز کی دستاویز بندی کرنا اور فلسطین کے حامی کارکنوں کے خلاف ہونے والے جبر کی مختلف شکلوں کی نگرانی کرنا ہے تاکہ متاثرین کو اپنی گواہیاں اور تجربات بیان کرنے کا موقع مل سکے۔ ریما حسن نے زور دیا کہ ان تنظیموں کی نشاندہی اور نقشہ سازی نہایت ضروری ہے جو ان شکایات کے پیچھے کارفرما ہیں کیونکہ یہ سمجھنا بنیادی حیثیت رکھتا ہے کہ یہ معاملہ سب سے بڑھ کر ایک سیاسی مسئلہ ہے۔

یورپی سطح پر وسیع توجہ: یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب معروف جریدے پولیٹیکو نے ریما حسن کو سنہ 2025ء کے دوران یورپ کی 28 بااثر ترین شخصیات کی فہرست میں شامل کیا، جہاں ان کا نام امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ درج کیا گیا۔ رپورٹ میں ان کی زندگی کا جائزہ پیش کیا گیا، جس میں شام کے ایک فلسطینی مہاجر کیمپ میں ان کی پیدائش، فرانس میں پرورش، غزہ کا محاصرہ توڑنے کے لیے گلوبل صمود فلوٹیلا میں شرکت اور یورپی یونین پر قابض اسرائیل کے جرائم کو سفید کرنے کے الزامات شامل۔ پولیٹیکو کے مطابق ان کے دوٹوک مؤقف نے بالخصوص فرانسیسی دائیں بازو کے متعدد سیاست دانوں کو ان کے خلاف کھڑا کردیا ہے، جن میں لبرل یورپی رکن ناتالی لوازو بھی شامل ہے، جس نے ان پر حماس کی تمجید کا الزام عائد کیا۔

## غرب اردن میں 19 نئی بستیوں کی منظوری مغربی کنارے کو نگلنے کی خطرناک اسرائیلی سازش ہے: حماس

غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت "حماس" نے کہا ہے کہ قابض اسرائیل کے وزیر خزانہ بزلئیل سموٹریچ کی جانب سے مغربی کنارے میں 19 نئی صہیونی بستیوں کو قانونی حیثیت دینے کا اعلان الحاق اور یہودیت مسلط کرنے کے منصوبے میں ایک نہایت خطرناک پیش رفت ہے جسے قابض اسرائیل کی حکومت عملی جامہ پہنارہی ہے۔ حماس نے اپنے پریس بیان میں کہا کہ یہ اعلان قابض اسرائیلی حکومت کی حقیقی نوآبادیاتی سوچ کو بے نقاب کرتا ہے جو فلسطینی زمین کو ایک مال غنیمت سمجھتی ہے اور تیز رفتار فیصلوں کے ذریعے ایسی استعماری حقیقتیں مسلط کرنا چاہتی ہے جو پورے مغربی کنارے پر مکمل قبضے کی راہ ہموار کریں۔ حماس نے واضح کیا کہ یہ نیا فیصلہ فلسطینی اراضی کی منظم چوری کے طویل سلسلے کا تسلسل ہے جس میں نئی بستیوں کی تعمیر اور موجودہ صہیونی چوکیوں کی توسیع شامل ہے۔ یہ اقدامات بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی ان قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں جو آبادکاری کو ممنوع قرار دیتی ہیں۔ حماس نے نشاندہی کی کہ یہ مسلسل صہیونی توسیع فلسطینی جغرافیہ کو از سر نو تشکیل دینے، شہروں اور دیہات کو ایک دوسرے سے کاٹنے اور ایسی فضا پیدا کرنے کے لیے ہے جو فلسطینیوں کو خاموش جبری بے دخلی کی طرف دھکیل دے۔ تاہم تحریک نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ سازشیں فلسطینی عوام کے عزم کو توڑنے اور انہیں اپنی زمین اور حقوق سے دستبردار کرانے میں ناکام رہیں گی۔ اسی تناظر میں حماس نے عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ وہ اس بے لگام نوآبادیاتی طرز عمل پر اپنی ذمہ داریاں ادا کریں اور بستیوں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں نیز قابض اسرائیل کے رہنماؤں کو فلسطینی زمین اور مقدسات کے خلاف پالیسیوں پر جواب دہ ٹھہرایا جائے۔ حماس کا یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب قابض اسرائیل کی وزارتی سلامتی کابینہ نے باضابطہ طور پر مغربی کنارے میں 19 صہیونی بستیوں کے قیام اور انہیں قانونی حیثیت دینے کی منظوری دی۔

# امریکہ کی 20 ریاستوں نے ٹرمپ پر مقدمہ دائر کردیا

## وفاقی حکومت کو ایچ بی 1 ویزے پر اس قدر بھاری فیس عائد کرنے کا اختیار نہیں، یہ فیصلہ انتظامی طریقہ کار اور آئینی حدود کی خلاف ورزی قرار




واشنگٹن، (ایجنسیاں): صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایچ 1 بی ویزے پر بہت زیادہ فیس عائد کئے جانے کے خلاف امریکہ کی 20 ریاستوں نے وفاقی عدالت میں مقدمہ دائر کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹوں کے مطابق امریکہ کی 20 ریاستوں نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایچ 1 بی ویزے پر ایک لاکھ ڈالر فیس عائد کرنے کے فیصلے کے خلاف وفاقی عدالت میں مقدمہ دائر کردیا ہے۔ مقدمہ دائر کرنے والی ریاستوں کا کہنا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کی یہ نئی پالیسی غیر قانونی ہے اور تعلیم، صحت اور دیگر ضروری عوامی خدمات کو شدید نقصان پہنچاسکتی ہے۔ اطلاعات کے مطابق یہ مقدمہ ہوم لینڈ سیکورٹی ڈپارٹمنٹ کی اس پالیسی کے خلاف ہے جس کے تحت ہنرمند غیر ملکی کارکنوں کے لیے مذکورہ ویزا درخواستوں کی فیس میں غیر معمولی اضافہ کیا گیا۔ ان 20 ریاستوں کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت کو اس قدر بھاری فیس عائد کرنے کا اختیار حاصل نہیں اور یہ فیصلہ انتظامی طریقہ کار اور آئینی حدود کی خلاف ورزی ہے۔ ایچ 1 بی پروگرام سے متعلق فیس ہمیشہ صرف انتظامی اخراجات تک محدود رہی ہے۔ ریاستوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ اس فیصلے سے تعلیمی اداروں اور صحت کے شعبے میں پہلے سے موجود عملے کی کمی مزید سنگین ہوجائے گی۔ حالیہ تعلیمی سال کے دوران امریکہ کے 74 فی صد اسکولوں کو اساتذہ کی خالی آسامیوں پر تقرری میں مشکلات کا سامنا رہا۔ واضح رہے کہ ایچ 1 بی ویزا پروگرام امریکی اسپتالوں، جامعات اور سرکاری اسکولوں کے سلسلے میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ نئی پالیسی کے تحت بھاری بھرکم فیس کا اطلاق 21 ستمبر 2025 کے بعد دائر کی گئی درخواستوں پر کیا گیا ہے جبکہ ہوم لینڈ سیکورٹی کے سیکریٹری کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کچھ درخواستوں کو فیس سے مستثنیٰ بھی قرار دے سکتے ہیں۔ اس سے پہلے ایچ 1 بی ویزے کے لیے مجموعی سرکاری فیس 960 ڈالر سے 7 ہزار 595 ڈالر کے درمیان تھی۔ یہ مقدمہ کیلیفورنیا اور میساچوسٹس کی قیادت میں دائر کیا گیا ہے جس میں ایریزونا، کولوراڈو، کنیکٹیکٹ، ڈیلاویئر، ہوائی، الینوائے، میری لینڈ، مشی گن، مینیسوٹا، نیواڈا، نارتھ کیرولائنا، نیوجرسی، نیویارک، اوریگن، رہوڈ آئی لینڈ، ورمونٹ، واشنگٹن اور وسکونسن شامل ہیں۔

### ٹرمپ کا تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے درمیان دوبارہ جنگ بندی کرانے کا دعویٰ

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے سربراہان نے کئی روز جاری رہنے والے تصادم کے بعد بالآخر جنگ بندی بحال کرنے پر اتفاق کرلیا ہے۔ امریکی صدر نے تھائی لینڈ کے وزیر اعظم اینوٹن چیرنویراکول اور کمبوڈیا کے وزیر اعظم ہون منیٹ سے ٹیلیفونک رابطے کے بعد دونوں ممالک کے جنگ بندی پر متفق ہونے کا اعلان اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل میں کیا۔ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا کہ انہوں نے مکمل جنگ بندی پر اتفاق کرلیا ہے جس کا اطلاق آج شام سے ہوگا اور ملائیشیا کے عظیم وزیر اعظم انوار ابراہیم کی مدد سے ہمارے ساتھ کیے گئے اولین امن معاہدے پر عمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ انوار ابراہیم نے ایک مرتبہ پھر تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کو دوبارہ جنگ روکنے کیلئے راضی کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ امریکی صدر نے کہا کہ تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے وزرائے اعظم کے ساتھ کام کرنا میرے لیے فخر ہے اور یہ کام دو خوش حال اور شان دار ممالک کے درمیان ممکنہ سنگین جنگی تصادم روکنا ہے۔ یاد رہے کہ رواں برس جولائی میں ملائیشیا کے وزیر اعظم انوار ابراہیم کی ثالثی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کوششوں سے تھائی لینڈ اور کمبوڈیا نے جنگ بندی معاہدہ کیا تھا اور سرحد پر امن قائم کیا تھا اور اس معاہدے کی مزید تفصیلات اکتوبر میں سامنے آئی تھیں جب ڈونلڈ ٹرمپ نے ملائیشیا میں منعقدہ علاقائی سربراہی اجلاس میں شرکت کی تھی۔ تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے درمیان امن معاہدے کے باوجود تعلقات کشیدہ ہیں اور گزشتہ ہفتے دوبارہ جنگ شروع ہوئی تھی، دونوں ممالک ایک دوسرے کے خلاف بدترین پروپیگنڈا مہم بھی چلاتے ہیں۔

## بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم خالدہ ضیا وینٹی لیٹر پر منتقل

### بی این پی کی سربراہ جگر اور گردوں کی پیچیدگیاں، دل کی بیماری، ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، گٹھیا اور انفیکشن سے متعلق مسائل میں مبتلا




ڈھاکہ، (ایجنسیاں): بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کی چیئرپرسن اور سابق وزیر اعظم خالدہ ضیا کو طبیعت کی شدید خرابی کی وجہ سے وینٹی لیٹر پر منتقل کر دیا گیا۔ بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کی چیئرپرسن اور سابق وزیر اعظم خالدہ ضیا کی صحت انتہائی تشویشناک ہوگئی ہے اور وہ ڈھاکہ کے ایورکیئر اسپتال میں سنگین پیچیدگیوں کے باعث وینٹی لیٹر پر زیرِ علاج ہیں۔ بنگلہ دیشی خبر رساں ادارے ڈھاکا ٹریبیون کے مطابق 27 نومبر کو انہیں شدید لبلبے کی سوزش کی تشخیص ہوئی، جس کا اب بھی انتہائی توجہ کے ساتھ علاج جاری ہے، شدید انفیکشن کے باعث وہ اینٹی بائیوٹک اور اینٹی فنگل تھراپی حاصل کر رہی ہیں۔ دوسری جانب بنگلہ دیشی میڈیکل بورڈ کے مطابق انکے گردے مکمل طور پر ناکارہ ہوچکے ہیں اور انہیں باقاعدہ ڈائیلاسز کی ضرورت ہے جبکہ متعدد دیگر طبی مسائل بھی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر شہاب الدین تعلقدار نے اس حوالے سے جاری بیان میں کہا کہ خالدہ ضیا کو سانس کی شدید قلت، خون میں آکسیجن کی کمی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کی بڑھتی سطح جیسے مسائل لاحق ہیں۔ سابق وزیر اعظم کو ہائی فلو نزل کینولا اور سپورٹ فراہم کی جارہی تھی تاہم حالت میں بہتری نہ آنے پر انہیں الیکٹیو وینٹی لیٹر پر منتقل کیا گیا تاکہ پھیپھڑوں اور دیگر اہم اعضا کو آرام مل سکے۔ مئی میں لندن سے علاج کرواکر وطن واپسی کے بعد سے خالدہ ضیا ایورکیئر اسپتال میں باقاعدہ طبی معائنوں سے گزر رہی ہیں، ان کے اہل خانہ، بشمول طارق رحمٰن اور زبیدہ رحمٰن، ڈاکٹرز سے مسلسل رابطے میں ہیں اور ان کی تازہ ترین صحت کی صورتحال سے آگاہ رہتے ہیں۔ میڈیکل بورڈ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ خالدہ ضیا کی صحت سے متعلق افواہیں نہ پھیلائیں، کیونکہ ان کی حالت انتہائی نازک ہے اور ڈاکٹرز کی ایک مشترکہ ملکی و بین الاقوامی ٹیم روزانہ کی بنیاد پر علاج کا جائزہ لے رہی ہے۔

واضح رہے کہ خالدہ ضیا طویل عرصے سے متعدد پیچیدہ اور دائمی صحت کے مسائل کا شکار رہی ہیں، جن میں جگر اور گردوں کی پیچیدگیاں، دل کی بیماری، ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، گٹھیا اور انفیکشن سے متعلق مسائل شامل ہیں، جن کا وہ طویل مدتی علاج کر رہی ہیں۔ طبی حالت بگڑنے کے باعث 23 نومبر کو انہیں ایورکیئر اسپتال میں داخل کیا گیا۔

## برطانیہ کا بڑے پیمانے پر جنگ کی تیاری کا آغاز، یورپ پر خطرات کے بادل منڈلانے لگے

### اب وقت آگیا ہے کہ برطانیہ اپنا دفاع خود کرے اور امریکہ پر مکمل انحصار کے رویے کو ترک کرے: برطانوی وزیر دفاع





لندن، (ایجنسیاں): برطانیہ نے بدلتی ہوئی عالمی صورتحال اور بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر بڑے پیمانے پر جنگی تیاریوں کا آغاز کردیا ہے۔ مسلح افواج کے وزیر کرنل ایسکاٹ کارنز نے خبردار کیا ہے کہ جنگ کے سائے یورپ کے دروازے پر دستک دے رہے ہیں، برطانیہ کو ہر صورت تیار رہنا ہوگا۔ ایک انٹرویو میں کرنل کارنز نے انکشاف کیا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران برطانیہ کے خلاف دشمن ممالک کی انٹیلی جنس سرگرمیوں میں 50 فیصد سے زائد اضافہ ہوا ہے جو صورتحال کی سنگینی کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیٹو ممالک کو اپنی سلامتی یقینی بنانے کیلئے دفاعی اخراجات بڑھانے ہوں گے کیونکہ موجودہ خطرات پہلے سے کہیں زیادہ پیچیدہ اور سنگین ہو چکے ہیں۔ وزیر نے اعتراف کیا کہ پچھلے 50 سے 60 برسوں سے برطانیہ نے اپنے دفاع کے معاملات کسی حد تک امریکہ کو آؤٹ سورس کر رکھے تھے مگر اب یہ انحصار ختم کرنا ہوگا، ان کا کہنا تھا کہ اب وقت آگیا ہے کہ برطانیہ اپنا دفاع خود کرے اور امریکہ پر مکمل انحصار کے رویے کو ترک کرے۔ خبر ایجنسی کے مطابق برطانوی حکومت نے ایک نئی ڈیفنس کاؤنٹر انٹیلی جنس یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ کیا جو مخالف ریاستوں کی جاسوسی سرگرمیوں کا سراغ لگانے اور انہیں ناکام بنانے میں مدد کرے گا۔ یہ یونٹ مستقبل کے خطرات سے نمٹنے کے لیے اہم کردار ادا کرے گا۔ یہ بیانات اس وقت سامنے آئے ہیں جب نیٹو کے نئے سربراہ مارک روٹے نے یورپی اتحادیوں کو خبردار کیا ہے کہ انہیں روس کے ساتھ ممکنہ بڑے تصادم کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ یورپ میں بڑھتے تناؤ اور عسکری تیاریوں نے خطے میں بے چینی کی فضا پیدا کردی ہے جبکہ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ آنے والے مہینے سیکیورٹی کے اعتبار سے فیصلہ کن ثابت ہوسکتے ہیں۔

## غزہ میں ’اسٹیبلائزیشن فورس‘ کی تعیناتی نئے سال کے آغاز میں ہونے کا امکان

### امن معاہدے کے دوسرے مرحلے کیلئے اس وقت پس پردہ کافی خاموش منصوبہ بندی جاری ہے: وائٹ ہاؤس



واشنگٹن، (ایجنسیاں): امریکی حکام کے مطابق غزہ کی پٹی میں اقوام متحدہ کے اختیار کے تحت ایک عالمی استحکامی فورس (اسٹیبلائزیشن فورس) تعینات کی جاسکتی ہے، جس میں بین الاقوامی فوجی دستے شامل ہوں گے اور اس کی تعیناتی ممکنہ طور پر اگلے ماہ ہی شروع ہوسکتی ہے۔ تاہم، اس بات پر ابھی تک واضح نہیں ہوسکا کہ حماس کو غیر مسلح کیسے کیا جائے گا۔ ڈان اخبار میں شائع خبر کے مطابق دو امریکی عہدیداروں نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو بتایا کہ ایک امریکی ٹو اسٹار جنرل کو اس فورس کی قیادت کے لیے زیر غور لایا جارہا ہے، تاہم اس حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔ اس فورس کی تعیناتی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کے اگلے مرحلے کا ایک اہم حصہ ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے کے تحت دو سالہ جنگ میں ایک عاضی جنگ بندی کا آغاز 10 اکتوبر کو ہوا، جس کے بعد حماس نے یرغمالیوں کو رہا کیا جبکہ اسرائیل نے زیرِ حراست فلسطینیوں کو آزادی دی۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیوٹ نے جمعرات کو صحافیوں کو بتایا کہ امن معاہدے کے دوسرے مرحلے کیلئے اس وقت پس پردہ کافی خاموش منصوبہ بندی جاری ہے۔ ہم ایک دیرپا اور مستقل امن کو یقینی بنانا چاہتے ہیں۔ انڈونیشیا نے کہا ہے کہ وہ غزہ میں صحت اور تعمیر نو سے متعلق ذمہ داریاں سنبھالنے کیلئے 20 ہزار تک فوجی تعینات کرنے کے لیے تیار ہے۔

انڈونیشی وزارتِ دفاع کے ترجمان ریکو سریات نے کہا کہ یہ معاملہ ابھی منصوبہ بندی اور تیاری کے مراحل میں ہے۔ ہم تعینات کی جانے والی فورس کے تنظیمی ڈھانچے کو حتمی شکل دے رہے ہیں۔ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل نے اس بین الاقوامی استحکامی فورس کو اجازت دی ہے کہ وہ نئی تربیت یافتہ اور جانچ پڑتال سے گزرنے والی فلسطینی پولیس کے ساتھ مل کر غزہ میں سیکیورٹی کو مستحکم کرے۔ اس میں غزہ کی پٹی کو غیر فوجی بنانے کا عمل شامل ہے، جس کے تحت عسکری، دہشت گرد اور ان کے انفرااسٹرکچر کو تباہ کرنا، ان کی دوبارہ تعمیر کو روکنا، اور غیر ریاستی مسلح گروہوں کے ہتھیاروں کو مستقل طور پر ناکارہ بنانا شامل ہے۔ تاہم یہ ابھی تک واضح نہیں کہ یہ عمل عملی طور پر کیسے انجام دیا جائے گا۔ اقوامِ متحدہ میں امریکی سفیر مائیک والٹز نے جمعرات کو کہا کہ سلامتی کونسل نے اس فورس کو غزہ کو غیر فوجی بنانے کے لیے ہر ضروری ذریعے، بشمول طاقت کے استعمال کی اجازت دی ہے۔

